
الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

اولیاء کرام کی روح پرور کرامات کا بیان

کراماتِ اولیاء



ادارہ پیغام القرآن

کرامات اولیاء

عالم فقری

ادارہ پیغام القرآن اردو بازار لاہور

نام کتاب ---------- کراماتِ اولیاء

مصنف ---------- عالم فقری

اشاعت ---------- ۲۰۰۵ء

تعداد ---------- ۶۰۰

زیر اہتمام ---------- محسن فقری

منتظم ---------- حبیب فقری

تزئین ---------- حافظ محمد حبیب اللہ

پروف ریڈنگ ---------- سعید علی شاہ

پریس ---------- اصغر پریس، لاہور

قیمت ---------- ۲۴۰ روپے

ملنے کا پتہ

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

Butt

وصال کے بعد مقام

مردصالح میں سے ایک نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو انتقال کے بعد خواب میں دیکھا۔ حال دریافت کیا کہ اے ابوعبداللہ! کیسے ہیں؟ انہوں نے یہ سن کر چہرہ پھیر لیا۔ اور کہا یہ کنیت کے ساتھ پکارنے کا زمانہ نہیں۔ انہوں نے پھر پوچھا اے سفیان! بتائیے کیا حال ہے؟ تو جواب میں انہوں نے یہ اشعار پڑھے۔

نَظَرْتُ اِلٰی رَبِّی عِیَانًا فَقَالَ لِی　　هَنِیئًا رِضَائِی عَنْکَ یَا ابْنَ سَعِید

لَقَدْ کُنْتَ قَوَّامًا اِذَا اَظْلَمَ الدُّجٰی　　بِعَبْرَۃِ مُشْتَاقٍ وَ قَلْبِ عَمِید

فَدُوْنَکَ فَاخْتَرْ اَیَّ قَصْرًا رَدْتَّہٗ　　وَزُوْرْنِی فَاِنِّیْ عَنْکَ غَیْرُ بَعِید

حق تعالیٰ کو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ فرمایا اے ابن سعید تمہیں ہماری رضا مبارک ہو۔ جب ظلمتیں پھیلتی تھیں تو تم قیام لیل کرتے تھے اور تمہارے قلب میں ہماری محبت تھی۔ اور آنکھوں میں آنسو بھرے ہوتے۔ تمہارے لئے اجازت ہے بہشت کے جس محل میں چاہو رہو۔ اور میری زیارت کرو کہ میں تم سے دور نہیں ہوں۔

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

بچے کے حلالی نہ ہونے کی خبر دے دی

Butt

چند لڑکے گیند کھیل رہے تھے۔ اتفاق سے ایک بار ان کی گیند حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے آگے مجمع میں آ کر گری۔ کسی لڑکے کی یہ ہمت نہ پڑی۔ کہ گیند وہاں سے اٹھا لائے۔ ایک لڑکے نے ان لڑکوں میں سے کہا کہ اگر کہو تو گیند میں اٹھا لاؤں؟ پھر انتہائی گستاخی کے ساتھ گیا۔ اور وہ گیند جا کر اٹھا لایا۔ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ لڑکا حلالی نہیں ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا تو واقعی وہ لڑکا ویسا ہی نکلا۔ جیسا کہ حضرت امام نے فرمایا تھا۔ لوگوں نے پوچھا حضور! آپ نے یہ کیسے جان لیا کہ وہ لڑکا حلالی نہیں ہے۔ فرمایا اگر وہ حلالی ہوتا تو حیا اسے مانع ہوتی۔